ب

بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر = ص ا ب /س/۲/۱۷/۲۰۲۰ مورخہ۲۶/فروری ۲۰۲۰

بخدمت = چیف سیکرٹری،

حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔

موضوع = قـــــــــراردادنـــــــــمبـــــــــر۸۱۔

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے منعقدہ اجلاس ۲۱/فروری ۲۰۲۰ میں ذیل منظورشدہ قرارداد نمبر۸۱ منجانب عبدالواحد صدیقی ،رکن اسمبلی برائے اطلاع وکارروائی لازمہ ارسال خدمت ہے نیز قواعدو انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی ۱۹۷۴ کے قاعدہ نمبر (۲) ۱۱۴ کے تحت قرارداد پر عمل درآمد کی بابت اسمبلی کو دو ماہ کے اندر مطلع فرمائیں۔

قـــــــــرارداد۔

ہرگاہ کہ اسلامی نظریاتی کونسل کے مراسلہ نمبر ۱(۱۲) ۲۰۱۳ء۔آر۔سی آئی آئی/70 محررہ ۲۹ اگست ۲۰۱۳ء کے تحت کونسل نے اپنے ۱۹۱ ویں اجلاس میں فیصلہ کیا تھا کہ الفاظ کے تصحیح کے لیئے تمام یونیورسٹیوں، ٹیکسٹ بک بورڈ اور وزارت تعلیم میں نصابی اور غیرنصابی کتب وغیرہ میں اصلاح شدہ الفاظ استعمال کئے جاسکیں۔

اصلاح شدہ الفاظ کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

سیریل نمبر	الفاظ	غلط انگریزی	درست انگریزی۔
1	اللہ	God	Allah
2	نبی/رسول	Prophet/Messanger	Nabi/Rasool
3	آیت کریمہ	Verse	Ayah
4	مسجد	Mosque	Masjid
5	نماز	Prayer	Namaz/Salah
6	روزہ	Fast	Roza/Soam
7	صلی اللہ علیہ وسلم	**Peace be upon him**	**Sal Lal -La- Ho -Alehe Wasalam.**

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ اسلامی نظریاتی کونسل کے مراسلہ میں درج بالا اسلامی اقدار اور ارکان کی اصلاح شدہ الفاظ کی ترویج کے حوالے سے اسلامی نظریاتی کونسل کے ہدایت پر فوری طور عملدرآمد کو یقینی بنائے۔

(صفدر حسین)

معتمد،

نقل برائے اطلاع بخدمت:۔

۱) **بخدمت عبدالواحد صدیقی رکن اسمبلی/محرک قرارداد۔**
۲) سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔
۳) سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد۔
۴) پرنسل سیکرٹری پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
۵) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم پاکستان، وزیراعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
۶) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ، بلوچستان، کوئٹہ۔
۷) سیکرٹری قانون وپارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۸) سیکرٹری مذہبی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۹) سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔سندھ، کراچی۔خیبرپختونخوا، پشاور۔قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفرآباد۔قانون ساز اسمبلی گلگت اسمبلی، گلگت بلتستان۔

〈قادر بخش شاھوانی〉
شریک معتمد، (سوالات)